


# پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے مابین عوام دشمن بجٹ کی منظوری کے حوالے سے 'مک مکا' پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

- پاکستان پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان ایک ٹوپی ڈرامے کے بعد عوام دشمن بجٹ پر ہونے والا غیر آئینی مک مکا ملک کے دستور اور جمہوریت کے ساتھ ایک مذاق ہے
- کئی روز سے جاری دکھاوے کی لڑائی کے بعد بالآخر بجٹ کی منظوری پر سامنے آنے والے اتفاق رائے نے ثابت کر دیا کہ ان دونوں جماعتوں کو عوامی مسائل سے ہر گز کوئی سروکار نہیں
- ن لیگ اور پیپلز پارٹی اپنے ذاتی مفادات کیلئے عوام کے سامنے نورا کشتی کا کھیل رچا کر عوام کی ہمدردیاں سمیٹنے کی ناکام کوشش کرتی ہیں
- پاکستانی قوم اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے کہ عوام کے معاشی قتل عام اور معیشت کی تباہی میں یہ دونوں مینڈیٹ چور جماعتیں برابر کی شریک ہیں
- مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی دونوں کا ماضی جمہوریت کے خلاف سازشوں سے داغدار ہے
- پیپلز پارٹی کی جمہوریت سے دشمنی کی تمام تر تفصیل حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ میں درج ہے
- جمہوریت کی نام نہاد علمبردار پیپلز پارٹی کی بنیاد سے لے کر آج تک ان کی تمام تر سیاست پر آمریت کے سائے منڈلا رہے ہیں
- گزشتہ دو سال کے دوران ملک کو آئین، قانون اور جمہوریت سے محروم کرنے کے جرم یہ دونوں مرکزی اتحادی جماعتیں برابر کی حصہ دار ہیں
- آئینی عہدوں کی غیر آئینی تقسیم کے نتیجے میں اقتدار کی بندر بانٹ کا رجیم چینج سازش کے بعد شروع ہونے والا بیہودہ کھیل آج بھی اسی طرح جاری ہے
- کل تک ایک دوسرے کو سڑکوں پر گھسیٹنے کے دعوے کرنے والے آج ایک بار پھر اپنے مفاد کی خاطر اتحادی بن کر ملک و قوم کی فلاح کے خلاف ہر فیصلے اور اقدام میں شریک ہیں، ترجمان تحریک انصاف
- قوم اس کرپٹ مجرم مافیا کی چالبازیوں کو اچھی طرح سمجھ چکی ہے اور ان سے آئین، جمہوریت اور دستور کے خلاف جرائم، معیشت کی تباہی اور عوام کے معاشی قتل عام کا بہت جلد حساب لے گی

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ